Shabbir / Fazil

01-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں   کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں UPSC کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کریں گے۔

2- مرکزی کابینہ نے 28-2027 کے مارکیٹنگ سیزن کیلئے ربیع کی فصلوں کے واسطے کم از کم امدادی قیمتوں میں اضافہ کیا ہے۔

3- سرکار ساحلی علاقوں میں معدنیاتی وسائل کو بروئے کار لانے کی خاطر آج ساحلی علاقوں کے معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کا عمل شروع کر رہی ہے۔

4- سپریم کورٹ نے دیوالی سے قبل پٹاخوں پر مکمل پابندی عائد کرنے کے امکان کو ردّ کر دیا ہے اور متوازن رویے کی وکالت کی ہے۔

5- سعودی عرب کے حکام نے دبئی سے تل ابیب جانے والی Flydubai پرواز کے کیپٹن پر چاقو سے حملہ کرنے اور ہوائی جہاز کو گرانے کی کوشش کرنے کی بنا پر Oman کے ساتھی پائلٹ کو گرفتار کر لیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے 174 افراد کی جان بچانے پر بھارتی پائلٹ Smit Machchar کو حقیقی ہیرو قرار دیا ہے۔

5- اور مردوں کے کرکٹ میں، گوہاٹی میں دوسرے ایک روزہ میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 8 وکٹ سے ہرا دیا اور دو-صفر کی سبقت حاصل کر کے سیریز اپنے نام کر لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM UPSC

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں یونین پبلک سروس کمیشن UPSC کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی اس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Anupam

یہ پروگرام سال بھر جاری رہنے والی اُن تقریبات کے اختتام کی علامت ہوگا، جو پچھلے سال یکم اکتوبر کو 1926 میں UPSC کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے کی یاد میں شروع ہوئی تھیں۔ اِس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی UPSC کا صد سالہ یادگاری سکہ، ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ اور '100 landmark Judgements-Shaping the policies of UPSC and Public Service Commissions in India' عنوان سے ایک کتاب کا اجراء کریں گے۔ اس پروگرام میں ملک بھر کے اسٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے، جن میں اسٹیٹ پبلک سروس کمیشنز کے چیئرمین اور اراکین، بھارتی حکومت کے سینئر حکام، ماہرین تعلیم، UPSC کے حکام اور دیگر شامل ہیں۔

یہ تقریب UPSC کی جانب سے منعقد کی جانے والی دو روزہ تقریب کا حصہ ہے۔ کل پہلے دن بھارت منڈپم میں 'شتابدی ساروہ - منتھن' کا انعقاد کیا گیا تھا۔ ممتاز مقررین نے تقریب سے خطاب کیا جس کے بعد مختلف موضوعات پر پینل مباحثے ہوئے۔x

دلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

<u>Cabinet</u>

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی CCEA نے مارکیٹنگ سیزن 2027-28 کیلئے تمام ربیع فصلوں کیلئے کم از کم امدادی قیمتوں MSP میں اضافے کی منظوری دی ہے۔ نئی دِلی میں مرکزی کابینہ کی میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ فیصلہ کسانوں کو اُن کی پیداوار کی مناسب اور منافع بخش قیمت یقینی بنانے کیلئے کیا گیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ MSP میں سب سے زیادہ اضافہ زعفران کی قیمت میں 675 روپے فی کوئنٹل کیا گیا ہے۔ اِس کے بعد رائی اور سرسوں کی قیمتوں میں 413 روپے فی کوئنٹل کا اضافہ کیا گیا ہے۔ -Byte-

وزیر موصوف نے کہا کہ مسور دال کی قیمت میں 390 روپے فی کوئنٹل، جَو کی قیمت میں 136 روپے فی کوئنٹل، چنے کی قیمت میں 83 روپے فی کوئنٹل اور گیہوں کی قیمت میں 25 روپے فی کوئنٹل کا اضافہ کیا گیا ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے دلّی پولیس کے ذریعے ٹریفک کے بندوبست کے انٹیلی جنٹ نظام ITMS پروجیکٹ کے نفاذ کو بھی منظوری دی ہے۔ اس پروجیکٹ کی تخمینہ لاگت ایک ہزار 789 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ اِس میں ٹیکس بھی شامل ہے۔

جناب اشونی ویشنو نے مزید کہا کہ کابینہ نے گرین انرجی کوریڈور GEC کے تیسرے مرحلے کے پروجیکٹ کو بھی منظوری دے دی ہے۔ اِس سے ریاستوں، مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں 135 گیگاواٹ تک قابل تجدید توانائی کی ترسیل کو استحکام ملے گا۔x

Mines Ofsshore Auction

کانوں کے محکمے کی وزارت آج ساحلی علاقوں کے معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کا عمل شروع کر رہی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ یہ ساحلی علاقوں میں معدنیاتی وسائل کو بروئے کار لانے اور اِن وسائل کی طویل مدّتی یقینی فراہمی کو مستحکم بنانے کی سمت یہ ایک اہم قدم ہے۔ یہ نیلامی انڈمان کے بحری خطّے میں ساحلِ سمندر دو معدنیاتی بلاکوں پر مشتمل ہے، جو مخلوط لائسنس دینے کیلئے ہوگی۔

وزارت نے اس بات کو اُجاگر کیا ہے کہ امید ہے کہ اس سے منظّم تلاش کی حوصلہ افزائی، سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور ساحلی علاقوں میں معدنیات کی تلاش اور اِن کے فروغ کیلئے جدید طرز کی ٹکنالوجی اختیار کیے جانے کو بڑھاوا ملے گا۔×

SC Fire Crackers

سپریم کورٹ نے دیوالی سے قبل پٹاخوں پر مکمل پابندی عائد کرنے کے امکان کو ردّ کر دیا ہے اور متوازن رویے کی وکالت کی ہے۔ جسٹس MM Sundresh اور جسٹس PB Varale پر مشتمل ایک بنچ نے یہ عندیہ دیا ہے کہ وہ دیوالی کے دوران بعض پٹاخوں کے استعمال کی اجازت دے گی، لیکن اس کیلئے مخصوص وقت کی حد نافذ کی جائے گی۔ اس طرح عدالتِ عالیہ نے مکمل پابندی اور بے روک ٹوک پٹاخے چھوڑنے، دونوں کے امکان کو ردّ کر دیا ہے۔

عدالت نے مذہبی جذبات اور فضائی آلودگی کے نقصان دہ اثرات کے درمیان توازن قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

عدالتِ عالیہ نے کہا کہ مکمل پابندی عائد کرنے سے دیوالی منانے والے لوگوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچ سکتی ہے، جبکہ پورے دن پٹاخے چھوڑنے سے ماحولیات اور بچوں، بزرگ افراد اور بیمار لوگوں سمیت حساس طبیعت کے افراد پر ناموافق اثر پڑے گا۔ عدالتِ عالیہ شدید فضائی آلودگی کے دنوں میں دلّی قومی راجدھانی خطّے اور دیگر شمالی ریاستوں میں پٹاخوں پر بندش سے متعلق طویل عرصے سے زیر التوا معاملے کی سماعت کر رہی تھی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Fly Dubai Incident

سعودی عرب کے حکام نے عمان سے تعلق رکھنے والے اُس کو-پائلٹ کو گرفتار کرلیا ہے جس نے دبئ سے اسرائیل کے شہر تل ابیب جانے والی Fly Dubai کی پرواز کے Captain کو چاقو مارکر زخمی کرنے کے بعد ہوائی جہاز کو گرانے کی کوشش کی۔

عمان کے کو-پائلٹ نے جہاز کے Captain پر چاقو سے حملہ کردیا۔ دو منٹ میں یہ طیارہ تقریباً 17 ہزار 400 فٹ نیچے آ گیا۔ تاہم، مسافروں اور عملے کے ارکان نے کوک پٹ میں گھس کر حملہ آور پر قابو پالیا اور جہاز کے استحکام میں مدد کی۔ اس کے بعد پرواز کے راستے میں تبدیلی کرکے، اسے سعودی عرب کے شمال مغرب میں واقع Tabuk علاقائی ہوائی اڈے پر بحفاظت اُتارا گیا۔

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو اور وزیر دفاع اسرائیل کاز نے اسے سکیورٹی سے متعلق سنگین واقعہ اور ایک مشتبہ دہشت گردانہ حملہ قرار دیا ہے۔

اسرائیل کے وزیرِاعظم نے Captain، Smit Machchhar، جو ایک بھارتی شہری ہیں، کو سچا ہیرو قرار دیا، جنھوں نے اسرائیل جانے والی پرواز میں سوار 174 لوگوں کی جان بچائی۔

جناب نیتن یاہو نے کہا کہ Captain، Smit Machchhar نے غیر معمولی دلیری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک بڑے سانحے کو روک دیا۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بھی Captain Smit Machchhar کی ستائش کی اور انھیں ایک بہادر ہیرو قرار دیا۔x

PM Captain Smit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انتہائی سنگین خطرے اور شدید طور پر زخمی ہونے کے باوجود کیپٹن Smit Machchar نے دوسروں کی جان بچانے کی خاطر دلیری، ہمت اور پختہ عزم کا مظاہرہ کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ کیپٹن Machchar کی بہادری کی بدولت سینکڑوں افراد کی جان بچانے اور ایک بڑا سانحہ ٹالنے میں مدد ملی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کیپٹن Smit Machchar ایک ہیرو ہیں اور بھارت کو اُن پر فخر ہے۔ جناب مودی نے اُن کی جلد صحتیابی، نئی قوت اور تندرستی کی دعا کی۔x

Seva Sankalp Abhiyan-Anji Khad Bridge

وزیراعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کررہے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔

اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ جدید طرز کے بنیادی ڈھانچے اور زیادہ مضبوط کنیکٹی وِٹی کے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت سرکار کے نظریے کو کس طرح جموں و کشمیر میں قابلِ قدر چِناب اور Anji Khad ریل پُلوں کے ذریعے عملی شکل دی جا رہی ہے۔

S/B - PM

Capsule - Ishfaq

وزیراعظم نریندر مودی نے پچھلے سال 26 جون کو چناب اور Anji Khad پلوں کا افتتاح کرنے کے بعد کہا تھا کہ یہ ریلوے پل بھارت کی انجینئرنگ صلاحیت کی علامت اور جموں اور کشمیر میں رابطے کو مضبوط کرنے میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ دونوں پل ادھم پور-سری نگر-بارہمولہ ریل لنک کا اہم حصہ ہیں اور دُشوار گزار پہاڑی علاقے میں تعمیر کیے گئے ہیں۔ چناب ریل برج دریائے چناب سے 359 میٹر کی بلندی پر واقع ہے اور یہ دنیا کی سب سے بلندی پر واقع ریلوے کا محراب پل ہے۔ Anji Bridge بھارت کا پہلا کیبل ریلوے پل ہے جوکہ 96 کیبلس پر قائم ہے۔

ان پُلوں سے نہ صرف جموں اور کشمیر تک ریل رابطہ مضبوط ہوا ہے بلکہ لوگوں اور اشیا کی نقل و حمل میں بھی بہتری آئی ہے نیز سیاحت اور اقتصادی سرگرمیوں کو تقویت ملی ہے۔ اُن پُلوں سے کشمیر سے زرعی، باغبانی اور دستکاری کی اشیاء کو تیزی سے ملک بھر کی مارکیٹوں تک پہنچانے میں بھی سہولت پیدا ہوئی ہے۔ کلگام سے تعلق رکھنے والے ایک باغبان تجمل احمد کا کہنا ہے کہ ان پلوں کی تعمیر سے ریل رابطہ ممکن ہوا ہے جس کی وجہ سے سیب پیدا کرنے والے کسانوں کیلئے اپنی پیداوار کو ملک کے دیگر حصوں تک پہنچانا آسان ہوگیا ہے۔

S/B : Tajamul Ahmad

سری نگر سے اشفاق شاہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

<u>Cricket Ind VS WI</u>

مردوں کے کرکٹ میں، کل رات گوہاٹی کے برسا پاڑہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دوسرے ایک روزہ میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 8 وکٹ سے کراری شکست دی۔ اس طرح بھارت نے تین میچوں کی سیریز میں دو-صفر کی سبقت حاصل کر کے سیریز اپنے نام کر لی ہے۔

بھارت نے ٹاس جیت کر ویسٹ انڈیز سے بلّے بازی کرنے کو کہا اور ویسٹ انڈیز نے 7 وکٹ پر 405 رن بنائے، جو ایک روزہ کرکٹ میچوں میں اُس کا اب تک کا سب سے بڑا اسکور ہے۔ بھارت نے 43 اوورس اور تین گیندوں میں محض دو وکٹ کھوکر جیت کا نشانہ آسانی سے حاصل کر لیا۔

کپتان شُبھ من گِل نے صرف 133 گیندوں پر دھواں دھار 233 رن بنائے اور آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔ روہت شرما نے 75 گیندوں پر 101 رن اسکور کیے، جو ایک روزہ میچوں میں اُن کی 35 ویں سنچری ہے۔

شُبھ من گِل ایک روزہ میچوں میں سب سے تیز رفتار ڈبل سنچری بنانے والے کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔ انہوں نے محض 117 گیندوں پر یہ کارنامہ انجام دیا۔ اُنہیں اپنی شاندار اننگز کیلئے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

Asian Games

جاپان میں جاری ایشیائی کھیلوں میں کل بھارت کیلئے سب سے کامیاب دن رہا۔ بھارت نے کل سونے کے 4 تمغے جیتے۔ بھارت اب تک مجموعی طور پر 60 تمغے جیت چکا ہے۔ اِن میں سونے کے 10، چاندی کے 21 اور کانسے کے 29 تمغے شامل ہیں۔ بھارت نے کمپاؤنڈ تیر اندازی مقابلوں میں سونے کے تین تمغے حاصل کیے، جبکہ ایک تمغہ نشانے بازی میں ملا۔ بھارتی مکّے بازوں نے کل کانسے کے دو اور تمغے حاصل کیے۔ پہلوان سُنیل کمار نے 87 کلوگرام کے Greco-Roman مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔

اِدھر خواتین ہاکی میں بھارت، جنوبی کوریا کو دو-صفر سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

اِسکواش میں بھارت کی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ اس طرح مزید 2 تمغے ملنا طے ہے۔×

Rajnath Defence Annual Day

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج نئی دلّی میں، ڈفینس اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کے 279 ویں سالانہ دن کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس موقعے پر وزیر دفاع مذکورہ محکمے کے مختلف IT اقدامات کا آغاز کریں گے۔ اِن میں بھارتی فوج کے مالی اطلاعاتی نظام کو محکمے کے SAKSHAM پلیٹ فارم کے ساتھ مربوط کرنا بھی شامل ہے۔

جناب راجناتھ سنگھ اس موقعے پر کئی مطبوعات کی رسمِ اجرا بھی انجام دیں گے۔ اِن میں دفاعی اخراجات 2026 کے تعلق سے جامع اعداد و شمار کا کتابچہ، محکمے کا ہندی جریدہ اور سال 26-2025 کی مارکیٹ انٹیلی جنس رپورٹ بھی شامل ہے۔×

Textile Conclave

ٹیکسٹائل کے شعبے میں اُبھرتی ہوئی ٹکنالوجیز کے بارے میں تبادلۂ خیال کی خاطر آج نئی دلّی میں ایک ٹیکسٹائل کانکلیو کا اہتمام کیا جائے گا۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے Laghu Udyog Bharti کے قومی جنرل سکریٹری اوم پرکاش گُپتا نے بتایا کہ اس کانکلیو میں ملک بھر کے ٹیکسٹائل کے شعبے سے تعلق رکھنے والی 400 بہت چھوٹی اور چھوٹی صنعتیں شرکت کریں گی۔×

Delhi Jal Board - Projects

دلّی جَل بورڈ نے قومی راجدھانی میں پانی کی سپلائی، پانی کی نکاسی کے نیٹ ورک اور پانی صاف کرنے کی صلاحیت کو مستحکم بنانے کی خاطر 17 ہزار 900 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی بڑے پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

بورڈ نے ’’ایک زون ایک آپریٹر‘‘ ماڈل کے تحت Sewer کے جامع رکھ رکھاؤ کیلئے 17 ہزار 969 کروڑ روپے مالیت کے پروگرام کو اصولی طور پر منظوری دے دی ہے، جس کی مدّت 10 سال ہوگی۔ اس کیلئے دلّی کو 8 زون میں رکھا جائے گا۔×

US Army Withdraw - Iraq

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکی فوجیوں کا آخری دستہ بھی عراق سے باہر نکل رہا ہے۔ اس طرح آپریشن Inherent Resolve باضابطہ طور پر ختم ہو رہا ہے۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے امریکی فوجیوں کی واپسی کو ISIS پر فیصلہ کُن کامیابی قرار دیا اور کہا کہ اس سے امریکہ کے ساتھ ساتھ عراق کی فتح کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح عراق میں دو دہائیوں سے زیادہ عرصے سے جاری امریکی فوج کی موجودگی کا سلسلہ ختم ہو جائے گا۔ ×

Russia Strike Ukraine

روس نے کل یوکرین کے توانائی کے نظام کو نشانہ بنا کر کیے گئے بڑے حملے میں، کیف اور کئی دیگر علاقوں میں بجلی سے متعلق تنصیبات اور اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا۔ یوکرین کے حکام کا کہنا ہے کہ روس کے اِن فضائی حملوں میں اُس کے سات لوگ ہلاک ہوئے ہیں۔ کیف اور اُس کے تین نواحی علاقوں میں ہنگامی طور پر بجلی کی فراہمی کو روک دیا گیا۔ موسمِ بہار کے بعد سے راجدھانی کیف میں پہلی بار اِس طرح کے احکامات نافذ کیے گئے ہیں۔ پچھلے موسم سرما میں روس کے حملوں میں یوکرین کے بجلی کی فراہمی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا تھا، جس کے باعث یوکرین کے لوگوں کو شدید سردی میں مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑا تھا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - کونین حیدر

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ نے دبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز کی سعودی عرب میں ہنگامی لینڈنگ، اور پائلٹوں کے درمیان جھگڑے کی وجہ سامنے آنے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار انقلاب کی سرخی ہے: وزیرِاعظم مودی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان بات چیت، تجارت، دفاع اور اہم ٹیکنالوجی پر تبادلۂ خیال۔

پٹاخوں کے معاملے پر سپریم کورٹ کی رولنگ،مکمل پابندی لگانا ناممکن، یہ خبر بھی اخبارات میں صفحہ اول پر ہے۔
اخبارات نے روس جانے والے بھارتی شہریوں کیلئے بھارتی حکومت کی جانب سے ایڈوائزری جاری کیے جانے سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ایران-امریکہ مذاکرات میں پیش رفت نہ ہو سکی، تعطل برقرار۔
- آبنائے ہرمز میں تین جہازوں پر میزائل حملہ۔
- عراق سے امریکی فوج کا مکمل انخلا، بغداد کو نئی سیکیورٹی صورتحال کا چیلنج۔
- میانما میں فضائی حملے 50 افراد ہلاک۔
- ٹرمپ کا AI کا نام بدل کر 'سپر انٹیلی جنس' رکھنے کا حکم۔
- فاطمہ زہرہ مراکش کی پہلی خاتون وزیراعظم مقرر

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں UPSC کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کریں گے۔

2- مرکزی کابینہ نے 28-2027 کے مارکیٹنگ سیزن کیلئے ربیع کی فصلوں کے واسطے کم از کم امدادی قیمتوں میں اضافہ کیا ہے۔

3- سرکار ساحلی علاقوں میں معدنیاتی وسائل کو بروئے کار لانے کی خاطر آج ساحلی علاقوں کے معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کا عمل شروع کر رہی ہے۔

4- سپریم کورٹ نے دیوالی سے قبل پٹاخوں پر مکمل پابندی عائد کرنے کے امکان کو ردّ کر دیا ہے اور متوازن رویے کی وکالت کی ہے۔

5- سعودی عرب کے حکام نے دبئی سے تل ابیب جانے والی Flydubai پرواز کے کیپٹن پر چاقو سے حملہ کرنے اور ہوائی جہاز کو گرانے کی کوشش کرنے کی بنا پر Oman کے ساتھی پائلٹ کو گرفتار کر لیا ہے۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے 174 افراد کی جان بچانے پر بھارتی پائلٹ Smit Machchar کو حقیقی ہیرو قرار دیا ہے۔

5- اور مردوں کے کرکٹ میں، گوہاٹی میں دوسرے ایک روزہ میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 8 وکٹ سے ہرا دیا اور دو-صفر کی سبقت حاصل کر کے سیریز اپنے نام کر لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔